Cyfoeth Naturiol Cymru
Natural Resources Wales

# کیا آپ سیلابی صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں؟


## سیلاب سے قبل، اس دوران اور بعد میں کرنے کے اقدامات



## کیا آپ سیلاب سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں؟

ویلز میں **تقریباً 272,000** سے زائد پراپرٹیز سمندر، دریاؤں اور زمین میں جمع ہو جانے والے پانی کی وجہ سے سیلاب میں ڈوبنے کے خطرے سے دوچار ہیں۔ اور یہ خطرہ ہر **7 میں سے تقریباً 1** پراپرٹی کو لاحق ہے۔

ہماری گائیڈ آپ کو پیشگی تیاری میں مدد دے گی۔





# سیلاب سے قبل کے اقدامات

# سیلابی خطرے کی جانچ کریں

اپنے علاقے میں دریاؤں، سمندر، زمین میں جمع ہو جانے والے پانی اور چھوٹے نالوں سے آنے والے ممکنہ سیلاب کے بارے میں معلوم کریں۔

**جس سے متاثر ہو سکتا ہے:**

- آپ کا گھر
- آپ کی جائے کار
- آپ کا کاروبار
- آپ کا چھٹیاں منانے کا مقام
- آپ کی زیر ملکیت دیگر پراپرٹی
- آپ کے سفری منصوبے
- دلچسپی کے دیگر مقامات، جیسے رشتے داروں کا گھر

**سیلاب کی مختلف قسموں اور اس کے آنے کے اسباب کے بارے میں آگاہی ہونے سے آپ کو:**

- سیلاب کے انتباہات کے ساتھ باخبر رہنے میں مدد ملتی ہے
- سیلاب آنے کے امکان کے لیے تیاری و منصوبہ بندی کرنے میں مدد ملتی ہے
- یہ جاننے میں مدد ملتی ہے کہ کون سی تنظیمیں آپ کی مدد کر سکتی ہیں

## سیلاب کے ممکنہ ذرائع

دریاؤں سے سیلاب اس وقت آتا ہے جب قرب و جوار کی زمینوں سے ندیوں کے ذریعے مزید پانی دریا میں شامل ہو جاتا ہے جو کہ اس کی گنجائش سے زیادہ ہو سکتا ہے۔

سمندروں سے سیلاب آنے کا خطرہ اس وقت شدید ہوتا ہے جب لہریں بلند ہوں اور طوفانی موسم ہو۔

زمین میں جمع ہو جانے والے پانی سے سیلاب یا فوری سیلاب کا خطرہ اس وقت ہوتا ہے جب بارش کا پانی معمول کے نکاسئ آب کے نظام کے ذریعے بہہ جانے یا زمین میں جذب ہونے کے بجائے زمین کی سطح پر جمع ہو جاتا ہے۔

**naturalresources.wales/flooding** پر موجود نقشے پر آپ اپنے علاقے کا جائزہ لے سکتے ہیں یا اس پر سیلابی خطرے کی رپورٹ حاصل کرنے کے لیے پوسٹ کوڈ سے تلاش کر سکتے ہیں۔ یا اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کو اس کی ایک کاپی بھیجی جائے تو **enquires@naturalresources.wales** یا **0300 065 3000** پر ہم سے رابطہ کریں۔

سیلاب کے وہ ذرائع اور پہلو جن کا ہم احاطہ کرتے ہیں، ان کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں۔



## خطرے کی سطح

سیلابی خطرے کی سطحیں کسی خاص ذریعے سے ایک سال میں سیلاب آنے کے امکان پر مبنی ہوتی ہیں۔ سطحیں بلند، درمیانی، کم یا بہت کم ہوتی ہیں۔ خطرے کی سطحیں اس بات کو بھی مدِنظر رکھتی ہیں کہ سیلاب سے بچاؤ کے کوئی حفاظتی انتظامات موجود ہیں۔

اگر کسی جگہ پر ہر سال سیلاب آنے کا امکان 1% ہے، تو اس کا مطلب ہے کہ اگر آپ وہاں 10 سال رہیں تو اس دوران تقریباً 10% امکان ہے کہ آپ کو سیلاب آنے کا سامنا کرنا پڑے۔



## اگر آپ سیلابی خطرے سے دوچار علاقے میں رہتے ہیں تو

ہماری معلومات سیلاب کی وجہ سے زمینوں کو ہونے والے نقصان کا حساب لگاتی ہیں نہ کہ انفرادی پراپرٹیز کے نقصان کا۔ سیلابی سروے کے لیے کسی سروئیر (surveyor) کی خدمات حاصل کرنے پر غور کریں تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ سیلابی پانی آپ کی پراپرٹی میں کہاں سے داخل ہو سکتا ہے۔ سروئیر آپ کی پراپرٹی کو نقصان سے بچانے یا سیلابی پانی کے داخل ہونے سے روکنے کے لیے مختلف تبدیلیوں کے بارے میں تعین کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ اس بارے میں مزید معلومات کے لیے صفحہ نمبر 18 ملاحظہ کریں۔

سیلابی انتباہ
کے پیغام کی تین
اقسام ہیں:

**Flood Alert,**
**Flood Warning**
**Severe Flood** اور
**-Warning**

یہ سیلاب آنے کے امکان اور
متوقع اثرات کی بنیاد پر
جاری کیے جاتے ہیں۔

آپ **naturalresources.wales/flooding**
پر یا Floodline پر رابطہ کر کے اپنے علاقے
میں سیلاب کے بارے میں تازہ ترین معلومات
حاصل کر سکتے ہیں

**0345 988 1188**
پر کال کریں

یا یہ QR کوڈ اسکین کریں



# اپنے سیلاب کے انتباہات کے کوڈز کے بارے میں جانیں



## Flood Alert

### اس سے مراد ہے کہ

**سیلاب آنے کا امکان ہے۔**
**تیار رہیں۔**

**ضروری اقدامات**

- اپنے سیلاب کے منصوبے پر عمل کرنے کے لیے تیار رہیں
- ضروری اشیاء پر مبنی ایک فلڈ کٹ تیار کریں

**کیا صورتِ حال پیش آ سکتی ہے**

- کھیتوں، تفریحی مقامات اور کار پارکنگ میں سیلاب کا آنا
- چھوٹی سڑکوں میں سیلاب کا آنا
- زرعی زمینوں میں سیلاب کا آنا
- ساحل پر پانی کے چھپاکوں یا بلند لہروں کا کنارے سے تجاوز کر جانا
- نشیبی زمینیں اور سڑکیں پہلے متاثر ہوں گی

**سیلاب کے الرٹس اور انتباہات کلر کوڈڈ نہیں ہیں**



## Flood Warning

### اس سے کیا مراد ہے

**سیلاب آنے کی توقع ہے۔**
**فوری کارروائی کی ضرورت ہے۔**

**ضروری اقدامات**

- اپنے آپ کو اور اپنے گھرانے کو بچائیں اور دیگر افراد کی مدد کریں
- اہل خانہ، پالتو جانوروں اور قیمتی اشیاء کو محفوظ جگہ منتقل کریں
- فلڈ کٹ تیار رکھیں
- اگر محفوظ ہو تو، اپنی گیس، بجلی اور پانی کی سپلائیز بند کر دیں
- سیلاب سے بچاؤ کے حفاظتی آلات جگہ پر رکھیں

**کیا صورتِ حال پیش آ سکتی ہے**

- گھروں اور کاروباری اداروں کا سیلاب میں ڈوبنا
- ریل کے انفراسٹرکچر اور سڑکوں کا سیلاب میں ڈوبنا
- ساحلوں پر شدید لہریں اور پانی کے چھپاکے
- دریاؤں سے ملحقہ نشیبی علاقوں میں سیلاب آنا (بشمول کاروان پارکس اور کیمپ سائٹس)



## Severe Flood Warning

### اس سے کیا مراد ہے


**شدید سیلاب۔**
**جان کو خطرہ۔**

**ضروری اقدامات**

- انخلاء کے راستے کے حامل محفوظ مقام پر رہیں
- اگر آپ کو اپنے گھر سے نکل کر محفوظ جگہ جانا پڑے تو تیار رہیں
- ہنگامی خدمات کے ساتھ تعاون کریں
- اگر فوری خطرہ درپیش ہو تو **999** پر کال کریں

**کیا صورتِ حال پیش آ سکتی ہے**

- گہرا اور تیزی سے بہتا ہوا سیلابی پانی
- پانی میں موجود ملبہ خطرے کا سبب بن سکتا ہے
- عمارتوں اور دیگر ڈھانچوں کے منہدم ہونے کا ممکنہ یا مشاہداتی خطرہ
- سیلابی پانیوں کی وجہ سے کمیونٹیز کے ساتھ رابطہ منقطع ہونا
- کمیونٹیز کے اہم انفراسٹرکچر کا غیر فعال ہونا
- کمیونٹیز کا جبری انخلاء
- فوجی معاونت



## اپنے لیے درست خدمت حاصل کریں

ہم ایسے بہت سے علاقوں کے لیے سیلاب کے انتباہات کی مفت خدمت مہیا کرتے ہیں جہاں مرکزی دریاؤں اور سمندر سے سیلاب آنے کا خطرہ ہے۔

**آپ ایک سے زیادہ مقامات کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ ان میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:**

- آپ کے گھر کا پتہ
- آپ کی جائے کار
- آپ کی زیر ملکیت دیگر پراپرٹی
- دلچسپی کے دیگر مقامات، جیسے رشتے داروں کا گھر

آپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ Flood Alerts, Flood Warnings اور Severe Flood Warnings سمیت انتباہی پیغامات کی تمام اقسام موصول کرنے کے لیے رجسٹر کریں۔ ہماری خدمت زمین میں جمع ہو جانے والے پانی سے آنے والے سیلاب کا احاطہ نہیں کرتی۔

آپ یا تو ویلش یا انگریزی میں وارننگز اور اپ ڈیٹس حاصل کرنے کے لیے رجسٹر ہو سکتے ہیں۔ ہنگامی حالات میں، فوری معلومات صرف انگریزی میں بھیجی جائیں گی۔

## ہمارے سیلاب کے انتباہات کی مفت خدمت کے لیے سائن اپ ہوں

آپ **naturalresources.wales/register** پر آن لائن سائن اپ کر سکتے ہیں

یا **0345 988 1188** پر فلڈ لائن سے رابطہ کر سکتے ہیں

# تازہ ترین معلومات سے آگاہ رہنے کا طریقہ

## ہمارے 5 روزہ سیلابی خطرے کی پیش گوئی چیک کریں

آپ کے علاقے میں آنے والے کسی بھی ممکنہ سیلابی خطرے کے بارے میں آپ کو آگاہ کرنے کے لیے ہم یہاں موجود ہیں۔ جس طرح محکمۂ موسمیات (Met Office) موسم کی پیش گوئی کرتا ہے، اسی طرح ہم دریاؤں، سمندر اور زمین میں جمع ہو جانے والے پانی سے آنے والے سیلاب کی پیش گوئی کرتے ہیں۔

ہم اپنی 5 روزہ سیلابی پیشگوئی کو روزانہ اپ ڈیٹ کرتے ہیں، تاکہ آپ ہمیشہ تیار رہ سکیں۔ آپ آسانی سے اپنی مقامی اتھارٹی کے علاقے کے لیے سیلابی خطرے کی جانچ کر سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں کہ یہ خطرہ زیادہ، درمیانہ، کم یا بہت کم ہے۔

آپ ہماری 5 روزہ سیلابی پیشگوئی کو یہاں دیکھ سکتے ہیں:

**5-day-flood-risk.naturalresources.wales**



## کیا آپ جانتے ہیں؟

ہم ویلز بھر میں 400 سے زائد مانیٹرنگ اسٹیشنز سے دریاؤں کی سطح، بارش اور سمندر کا ڈیٹا فراہم کرتے ہیں۔ ہمارا مقصد آپ کو مقامی حالات کے بارے میں آگاہ رکھنا ہے۔

ہم ان معلومات کو دن میں کئی بار اپ ڈیٹ کرتے ہیں تاکہ آپ کو تازہ ترین معلومات تک رسائی حاصل ہو سکے۔ جب بھی سمندر کی سطح بلند ہونے کی پیش گوئی کی جائے، تو ہم معلومات کو زیادہ باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کرتے ہیں۔

**rivers-and-seas.naturalresources.wales**

# سیلاب سے بچاؤ کے لیے اپنا ذاتی منصوبہ تیار کریں

**خصوصاً جب سیلاب کی بات آتی ہے تو پیشگی تیاری ہی ہمیشہ بہتر رہتی ہے۔ آپ اپنے سیلاب سے بچاؤ کے منصوبے کے طور پر ہماری مرحلہ وار چیک لسٹ استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ ہماری ویب سائٹ سے ایک ٹیمپلیٹ بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں، اور اگر آپ کو ہارڈ کاپی درکار ہو تو ہمیں بتائیں، ہم آپ کو ایک عدد کاپی بخوشی ارسال کریں گے۔**

## مرحلہ 1

### اپنی انشورنس کوریج چیک کریں

اگر آپ نے انشورنس نہیں کروائی، تو کیا آپ سیلاب میں گم ہو جانے والی اشیاء کا متبادل خریدنے کی استطاعت رکھتے ہیں؟ یہ چیک کرنا ہمیشہ فائدہ مند ہوتا ہے کہ آیا آپ کی انشورنس پالیسی سیلاب کے لیے آپ کی پراپرٹی، مال و اسباب اور کاروبار کا احاطہ کرتی ہے۔ پالیسیاں مختلف ہو سکتی ہیں لہٰذا یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ آپ کی پالیسی آپ کی ضروریات پر پورا اترتی ہے یا نہیں۔ بلاجھجھک دوبارہ تصدیق کریں اور یقینی بنائیں کہ آپ بالکل محفوظ ہیں!

**چیک کریں کہ آیا آپ کا بیمہ کار:**

- **آئٹمز کا متبادل مہیا کرے گا یا ان کی مرمت کروائے گا**
- **مرمت کے دعووں پر حد لاگو کرے گا**
- **اگر آپ کا گھر سیلاب کے بعد رہائش کے قابل نہ رہے تو کیا آپ کے لیے متبادل رہائشی انتظامات کی لاگت کا احاطہ کرے گا**

**نیز چیک کریں:**

- **floodre.co.uk پر دیکھیں کہ کیا آپ کا گھر Flood Re اسکیم کے لیے اہل ہے**
- **آیا آپ کی بزنس انشورنس میں پراپرٹی اور اسٹاک کو سیلابی نقصان سے تحفظ شامل ہے، اور بزنس انٹرپشن کوریج بھی ہے، تو یہ آپ کو منافع کے نقصان یا سپلائی چین کے مسائل میں مدد دے سکتی ہے**
- **آپ کی گاڑی کی انشورنس کمپنی کس چیز کو ایسے سیلابی نقصان کے طور پر شمار کرتی ہے جس سے بچا جا سکتا ہو اور کس کو ناقابلِ اجتناب سیلابی نقصان قرار دیتی ہے**

اپنی پراپرٹی کی تصاویر لیں اور اپنے مال و اسباب کی ایک فہرست بنائیں تاکہ مستقبل میں انشورنس کا دعویٰ کرنے میں مدد ملے۔

اگر آپ انشورنس کروانا چاہتے ہیں، تو مختلف بیمہ کاروں سے رابطہ کریں اور تقابلی جائزہ لیں تاکہ آپ جان سکیں کہ قیمت اور ان کی پیش کردہ کوریج کی سطح کے اعتبار سے کون سی انشورنس آپ کے لیے سب سے بہتر ہے۔

اپنے سامان کی قدر و قیمت کو کم نہ سمجھیں۔

کچھ خصوصی انشورنس بروکرز ہیں جو مشورہ دینے میں مدد کرتے ہیں۔

British Insurance Brokers’ Association کی **biba.org.uk** پر 'بروکر تلاش کریں' نامی ایک خدمت موجود ہے یا **0370 950 1790** پر کال کریں

## مرحلہ 2

### جانیں کہ گیس، بجلی اور پانی کی مین سپلائی کس طریقے سے بند کی جائے

اگر آپ کو اس کا طریقہ نہیں معلوم تو اپنے ترسیل کنندہ سے رابطہ کریں۔

| سپلائی | کیوں بند کی جائے؟ | پراپرٹیز میں ان کی عمومی جگہ |
|---|---|---|
| **گیس** | گیس کے لیک ہونے سے بچاؤ میں مدد کے لیے | آپ کا گیس والو عموماً آپ کے گیس میٹر کے ساتھ ہی لگا ہوتا ہے |
| **بجلی** | اپنے آپ کو بجلی کے شاکس، کرنٹ لگنے سے بچانے اور آلات کو خراب ہونے سے بچانے کے لیے بند کی جائے | آپ کی بجلی کا مین سوئچ فیوز باکس میں عموماً سرخ رنگ کا سوئچ ہوتا ہے |
| **پانی** | تاکہ پراپرٹی میں مزید پانی داخل ہونے کو روکا جائے | آپ کا پانی کا اسٹاپ کاک عموماً کچن کے سنک کے نیچے یا جہاں پراپرٹی میں پانی کی سپلائی کا مرکزی پائپ داخل ہوتا ہے وہاں لگا ہوتا ہے |

# مرحلہ 3

ضروری اشیاء پر مبنی اپنی ذاتی فلڈ
کٹ تیار کریں اور اسے کسی محفوظ
جگہ پر سامنے ہی رکھیں




## آپ کی کٹ میں شامل ہونا چاہیئے...

- گرم، واٹر پروف کپڑے اور کمبل
- ربڑ کے دستانے اور ربڑ کے لمبے بوٹ
- بیٹری پیک
- فون چارجر
- فیس ماسکس اور ہینڈ سینیٹائزر
- اہم ٹیلیفون نمبرز
- ہیڈ فونز اور ریڈیو ایپ
- فرسٹ ایڈ کٹ اور نسخہ جاتی ادویات
- گھر کی انشورنس کی دستاویزات
- وائنڈ اپ ریڈیو
- بچوں کی دیکھ بھال کا سامان
- جلد خراب نہ ہونے والی خوراک
- اضافی بیٹریوں کے ساتھ ٹارچ
- پانی کی بوتلیں
- پالتو جانوروں کی خوراک

# مرحلہ 4

## جانیں کہ کس فرد سے اور کیسے رابطہ کیا جائے



یہ جاننا ضروری ہے کہ اگر سیلاب کی صورتحال پیش آ جائے تو کون سے دوست، افراد خانہ یا پڑوسی آپ کی مدد کر سکتے ہیں، یا آپ ان کی مدد کر سکتے ہیں۔ اس میں شامل ہو سکتا ہے کہ وہ آپ کے سامان کو منتقل کرنے میں مدد دیں یا ضرورت پڑنے پر آپ کو رہنے کے لیے جگہ فراہم کریں۔

ملنے کی جگہ اور ایک دوسرے کے ساتھ رابطے کے طریقہ کار کا تعین کریں۔ سیلاب کے دوران مواصلاتی نظام میں خلل کے لیے تیار رہیں، کیونکہ بجلی، موبائل نیٹ ورکس یا لینڈ لائن سروس متاثر ہو سکتی ہے۔ اپنے اہم روابط کی فہرست فوری رسائی پر رکھیں۔

# مرحلہ 5

## ہنگامی صورت میں کیا کرنا چاہیئے، اس کا منصوبہ تیار رکھیں




ہنگامی صورت کے لیے تیاری ہمیشہ بہتر رہتی ہے۔ محفوظ رہنے کا ایک طریقہ ہنگامی صورتحال کے لیے انخلاء کا منصوبہ تیار کرنا ہے۔ اپنا منصوبہ تیار کرتے وقت، ہر شامل فرد کی ضروریات کو زیر غور لائیں، اس میں پالتو جانور اور قیمتی اشیاء بھی شامل ہیں۔

اپنی گاڑی کو کسی اونچے مقام پر منتقل کرنے کے بارے میں سوچیں، افراد، پالتو جانوروں اور قیمتی آئٹمز کومنتقل کریں تاکہ انہیں محفوظ رکھ سکیں۔ بہتر یہی ہے کہ اوپر کی منزل میں ایسے کمرے کی نشاندہی کریں جس میں کھڑکی ہو جو کہ انخلاء کا ممکنہ راستہ ہو سکتا ہے۔ اگر آپ تہہ خانے یا بنگلے میں ہیں تو ان دیگر محفوظ جگہوں کو زیر غور لائیں جہاں آپ منتقل ہو سکیں۔

یہ ضروری ہے کہ ہر ایک فرد انخلاء کے منصوبے سے آگاہ ہو۔ یوں ہنگامی صورت حال میں ہر ایک فرد فوری طور پر محفوظ طریقے سے نکل سکے گا۔ علاوہ ازیں، اس بارے میں سوچیں کہ آپ اپنا سامان کہاں منتقل کر سکتے ہیں، جیسا کہ اوپر کی منزل، فرنیچر کے اوپر یا ضرورت پڑنے پر گاڑی میں۔





**سیلاب کے آنے کا انتظار نہ کریں۔ قیمتی یا حساس آئٹمز سارا سال کسی اونچی جگہ پر واٹر پروف کنٹینرز میں محفوظ رکھیں۔**

**سیلاب سے بچاؤ کا منصوبہ تیار کرتے وقت، یہ اہم ہے کہ ایسے مختلف حالات و مناظر کو زیر غور لایا جائے جو وقوع پذیر ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر،**

- اگر اگلے چند گھنٹوں میں سیلاب آنے کی توقع ہو اور آپ کام پر ہوں، تو کیا آپ کے قریب کوئی پڑوسی یا دوست موجود ہے جو آپ کی مدد کر سکے؟
- اگر آپ کا گھر سیلاب میں نہ ڈوبا ہو، لیکن گاؤں سے باہر جانے والی سڑک سیلاب زدہ ہو اور آپ سفر نہ کر سکیں تو آپ کیا کریں گے؟
- اگر سیلاب کی وجہ سے فون نیٹ ورکس معطل ہوں تو آپ اپنے پارٹنر یا اہل خانہ سے کیسے رابطہ کریں گے/گی؟
- اگر سیلاب کی توقع ہو، تو سوچیں کہ کیا آپ خود محفوظ طریقے سے فلڈ گیٹ یا کوئی اور چیز نصب کر سکتے ہیں، یا آپ کو مدد کی ضرورت ہو گی؟
- اگر آپ کے پاس کوئی مستقل پراڈکٹ ہے، جیسے پمپ، تو مینوفیکچرر کی ہدایات ضرور چیک کریں تاکہ معلوم ہو سکے کہ اسے کتنی بار مینٹیننس کی ضرورت ہے، اور اس کو اپنے منصوبے میں نوٹ کر لیں

# مفید نمبرز

## سیلاب سے متعلق آپ کے اہم ٹیلیفون نمبرز۔

اسے پُر کریں اور اس کتابچے کو اپنی فلڈ کٹ میں رکھیں۔

| | |
|---|---|
| ہنگامی خدمات | 999 یا 101 |
| Natural Resources Wales 24 گھنٹے انسیڈنٹ لائن | 0300 065 3000 |
| RSPCA ایمرجنسی لائن | 0300 1234 999 |
| بجلی کے منقطع ہونے کے بارے میں اطلاع دینے یا معلومات حاصل کرنے کے لیے | 105 |
| گیس یا کاربن ڈائی آکسائیڈ سے متعلقہ ایمرجنسی کی اطلاع دینے کے لیے | 0800 111 999 |
| سڑکوں کی بندش کے بارے میں جاننے کے لیے اپنی مقامی اتھارٹی، نیز موٹرویز اور ٹرنک روڈ کے لیے Traffic Wales سے پر رابطہ کریں | 0300 123 1213 |
| Traveline Cymru۔ عوامی آمدورفت پر اثرات کے بارے میں جاننے کے لیے | 0800 464 0000 |

مقامی اتھارٹی کی ایمرجنسی ہیلپ لائن:

Floodline: **0345 988 1188**

Floodline کوئک ڈائل نمبر:

**واٹر کمپنی کا ایمرجنسی رابطہ نمبر**

واٹر:

سیوریج:

| | **انشورنس کمپنی کا 24 گھنٹے دستیاب نمبر** | **پالیسی نمبر** |
|---|---|---|
| عمارات: | | |
| اشیاء و اسباب: | | |
| گاڑی: | | |
| کاروبار: | | |



**اگر آپ نے پراپرٹی کرائے پر لی ہوئی ہے، تو مالک مکان یا لیٹنگ ایجنٹ کی تفصیلات نوٹ کریں:**

**اہل خانہ، ہمسائے اور جائے کار:**

**اسکول، نرسری یا دیگر چائلڈ کیئر:**

**ڈاکٹرز سرجری:**

**ویٹرنری ڈاکٹر، کینل یا کیٹری:**

**متعلقہ اپ ڈیٹس کے لیے مقامی ریڈیو اسٹیشنز کے لیے نوٹ تیار کریں:**

**ذیل میں تنظیموں یا کمیونٹی گروپس کے لیے ویب سائٹس یا سوشل میڈیا اکاؤنٹس کا نوٹ بنائیں۔ اس میں آپ کی مقامی اتھارٹی، مقامی پولیس فورس، فائر سروس یا آپ کی واٹر کمپنی شامل ہو سکتی ہے:**

**x.com/natreswales**
**facebook.com/NatResWales**
**Traffic.wales**
**Traveline.cymru**

## سیلاب یا سیلاب کے خطرے کی اطلاع دیں...

**ہمیں، درج ذیل سے لاحق ہونے کی صورت میں**

- مرکزی دریا
- سمندر
- انٹرنل ڈرینیج ڈسٹرکٹ کے اندر
- نامعلوم ذرائع

24/7 انسیڈنٹ لائن **0300 065 3000** پر کال کریں یا **naturalresources.wales/reportit** پر آن لائن رپورٹ کریں

ندی نالوں کی مختلف اقسام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے

**اپنی مقامی اتھارٹی کو اطلاع دیں، اگر یہ خطرہ درج ذیل سے ہو**

- زمین میں جمع ہو جانے والا پانی
- عام نالہ
- سڑک

**اپنی واٹر کمپنی کو، اگر یہ خطرہ درج ذیل سے ہو**

- واٹر سپلائی کی مرکزی لائنز
- سیوریج

**Traffic Wales کو، اگر یہ خطرہ درج ذیل سے ہو**

- موٹرویز اور ٹرنک روڈز

**0300 123 1213** پر کال کریں یا **traffic.wales** پر آن لائن رپورٹ کریں

# اپنے گھر کی حفاظت

**کیا آپ جانتے ہیں کہ ایسے بہت سے اقدامات ہیں جن کی انجام دہی سے آپ اپنے گھر میں سیلاب سے ہونے والے نقصان کو کم کر سکتے ہیں؟**

گھر میں داخل ہونے والے پانی کی مقدار کو کم کرنے سے آپ کو مزید وقت ملتا ہے کہ آپ اپنا مال و اسباب محفوظ جگہ پر منتقل کریں اور انہیں نقصان سے محفوظ رکھ سکیں۔





اس مرحلے پر "پراپرٹی کی سیلابی مزاحمت" کی اصطلاح کارآمد ثابت ہوتی ہے۔ بنیادی طور پر اس کا مطلب یہ ہے کہ سیلاب سے ہونے والے مادی اور مالی نقصانات کو کم کرنے کے لیے اقدامات کرنا۔ یاد رکھیں کہ یہ سیلاب آنے کے امکان کو نہیں بدلتا، لیکن اگر سیلاب آ جائے تو اس سے بہتر طور پر نمٹنے میں ضرور مدد دیتا ہے۔

اگر آپ مزید جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو کنسٹرکشن انڈسٹری ریسرچ اینڈ انفارمیشن ایسوسی ایشن (Construction Industry Research and Information Association, CIRIA) ایک شاندار وسیلہ ہے۔ وہ پراپرٹی کی سیلابی مزاحمت پر مشورہ اور معلومات فراہم کرتے ہیں اور ایک ضابطہ عمل رکھتے ہیں جو سیلابی تحفظ کے اقدامات کی تنصیب یا تعمیر کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ آپ مالکانِ مکان اور کاروباری اداروں کے لیے ایک گائیڈ **ciria.org/pfr** پر تلاش کر کے یہ یقینی بنا سکتے ہیں کہ آپ درست معیارات سے باخبر رہیں۔

## پراپرٹی لیول کا سروے کروانا

اگر آپ اپنی پراپرٹی میں سیلابی پانی کے آنے کے خطرے کے بارے میں فکرمند ہیں تو اسے محفوظ رکھنے کے لیے آپ کچھ اقدامات کر سکتے ہیں۔ انہی میں سے ایک یہ ہے کہ کسی چارٹرڈ سرویئر سے پراپرٹی لیول کا سروے کروایا جائے۔ وہ آپ کو یہ معلوم کرنے میں مدد دیتے ہیں کہ آپ کی پراپرٹی میں پانی کہاں سے داخل ہو سکتا ہے، پانی کس رفتار سے بہے گا، اور کہاں پانی سب سے زیادہ نقصان پہنچا سکتا ہے۔ یہ معلومات حاصل کرنے کے بعد وہ آپ کی مخصوص ضروریات کے مطابق سیلاب سے بچاؤ کے بہترین طریقے تجویز کر سکتے ہیں۔

یہ بات ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ بعض اوقات پانی کو پراپرٹی میں داخل ہونے سے روکنے کی کوشش فائدے سے زیادہ نقصان دے سکتی ہے۔ پانی کا دباؤ آپ کی پراپرٹی کے ڈھانچے کو نقصان پہنچا سکتا ہے، اور بالفرض کوئی رکاوٹ اچانک سیلابی ریلے کے دباؤ سے ٹوٹ جائے تو وہ اس سے زیادہ نقصان کر سکتی ہے جتنا آہستہ آہستہ پانی میں ڈوبنے سے ہوتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ اپنی پراپرٹی کا مناسب سروے کروایا جائے تاکہ اس کے تحفظ کے لیے مناسب اونچائی کا ایسا تعین ہو سکے جو حفاظت بھی کرے اور عمارت کے ڈھانچے کو نقصان بھی نہ پہنچائے۔

ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ سیلاب سے بچاؤ کی ایسی پراڈکٹس استعمال کریں جو آپ کی پراپرٹی کی مخصوص ضروریات کے مطابق تیار کی گئی ہوں۔ بہتر یہ ہے کہ آپ چند سرویئرز سے بات چیت کریں تاکہ قیمتوں اور ان کے طریقہ کار کا اندازہ ہو سکے۔

**سروے آزادانہ ہو اور اس میں درج ذیل امور کو زیر غور لایا جائے:**

- آپ کی پراپرٹی کو لاحق سیلابی خطرے کے تمام ممکنہ ذرائع
- سیلابی پانی کی ممکنہ گہرائی
- پانی کیسے اندر داخل ہو سکتا ہے
- اسے باہر روکے رکھنے کے لیے کیا اقدامات کیے جا سکتے ہیں (سیلابی مزاحمت کے اقدامات)
- اگر اندر داخل ہو جائے تو نقصان کم سے کم کرنے کے لیے کیا اقدامات اپنائے جا سکتے ہیں (سیلابی مزاحمت کے اقدامات)
- ان اقدامات کے حوالے سے موزوں پراڈکٹس کے ساتھ سفارشات فراہم کرنا
- یہ مشورہ دینا کہ یہ اقدامات مستقبل میں سیلاب کے خطرے اور ممکنہ نقصان کی لاگتوں پر کیا اثر ڈالیں گے
- اقدامات کے نفاذ کے بعد معیار کی یقین دہانی کا ایک معائنہ کرنا

Royal Institution of Chartered Surveyors میں اس حوالے سے معلومات موجود ہیں کہ آپ **ricsfirms.com** پر کیسے موزوں سرویئر تلاش کر سکتے ہیں

اگر آپ سیلاب کا سروے نہ کروا سکیں، تو غور کریں کہ آپ کے گھر میں پانی کیسے داخل ہوتا ہے اور آپ اسے روکنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔ پانی پہلے نشیبی سطحوں میں داخل ہو سکتا ہے جیسا کہ تہہ خانہ، اور مختلف داخلی جگہوں سے آ سکتا ہے اس میں دروازے، کھڑکیاں، ٹوائلٹس اور تاروں کے داخلی پوائنٹس شامل ہیں۔ نیز، اس ممکنہ نقصان کو زیر غور لائیں جو سیلابی پانی کی وجہ سے آپ کی پراپرٹی، بشمول فرنیچر اور الیکٹرونکس کو پہنچ سکتا ہے۔

## سیلاب سے بچاؤ کی درست پراڈکٹس منتخب کریں

سیلاب سے بچاؤ کی بہت سی پراڈکٹس دستیاب ہیں جو آپ اور آپ کی پراپرٹی کو سیلاب کے دوران محفوظ رکھتی ہیں۔ کچھ پراڈکٹس کو مستقل طور پر نصب کیا جا سکتا ہے، جبکہ کچھ دیگر کو سیلاب سے پہلے عارضی طور نصب کیا جا سکتا ہے۔

مستقل حلوں کے لیے آپ فلڈ ڈور یا دروازے کی رکاوٹیں منتخب کر سکتے ہیں جو کہ سیلابی پانی کو آپ کی پراپرٹی میں داخل ہونے سے روکنے کے لیے تیار کیے گئے ہیں یا سمپ پمپ یا پورٹیبل پمپ کا انتخاب کر سکتے ہیں جو پانی نکالنے کے لیے دستی طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ آپ ایسے ایئر برکس بھی استعمال کرنے پر غور کر سکتے ہیں جو خود بخود بند ہو جاتے ہیں، انہیں سیل کرنے کے لیے پلاسٹک کورز، نان ریٹرن والوز جو پانی یا گندگی کے اندر آنے والے بہاؤ کو روکتے ہیں، یا ٹوائلٹ بنگ جو دستی طور پر لگائے جا سکتے ہیں تاکہ رکاوٹوں سے بچا جا سکے، یہ سب استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

عارضی حلوں کے لیے، آپ ریت کی بوریوں کی جگہ ہائیڈرو سیکس یا دیگر کم وزنی متبادلات اور کھڑکی کی رکاوٹیں استعمال کر سکتے ہیں تاکہ پانی کو پراپرٹی میں داخل ہونے سے روکا جا سکے۔

اس امر کو زیر غور لانا بہت ضروری ہے کہ آپ کے لیے یہ اختیارات کتنے مؤثر ہیں۔ مثال کے طور پر؛

- قابل استطاعت ہونا
- کیا آپ ازخود پراڈکٹس کو نصب کر سکتے ہیں، یا کوئی چیز اٹھانے کے لیے مدد چاہیئے ہو گی
- آپ اسے کہاں محفوظ رکھیں گے
- آیا پراڈکٹس کو دھویا جا سکتا ہے اور دوبارہ استعمال کیا جا سکتا ہے، یا کیا انہیں سیلاب جانے کے بعد تلف کرنے کی ضرورت ہو گی
- جب پراپرٹی میں دیگر امور انجام دیئے جا رہے ہوں تو اس وقت یہ تبدیلیاں کرنے کے مواقع موجود ہیں
- پراڈکٹ کے ٹھیک طریقے سے کام کرنے کو یقینی بنانے کے لیے اس کی کتنی مرتبہ دیکھ بھال کرنا پڑتی ہے

## اپنی پراپرٹی میں تبدیلیاں کرنا

**یہاں کچھ ایسی تبدیلیاں بتائی گئی ہیں جن کو اپنا کر سیلاب آنے کی صورت میں آپ کے لیے اپنی پراپرٹی کی صفائی کا عمل آسان اور کم خرچ ہو سکتا ہے:**

- گراؤنڈ فلور پر سرامکس ٹائلز لگوائیں
- پورے فرشی قالین کی بجائے رگز کا انتخاب کریں
- یقینی بنائیں کہ بجلی کے ساکٹ گراؤنڈ فلور کی سطح سے کم از کم 1.5 میٹرز اونچائی پر لگے ہوں
- دیواروں پر جپسم کی بجائے سفید چونا استعمال کریں
- کچن کی چپ بورڈ کی الماریوں کی جگہ اسٹین لیس اسٹیل یا پلاسٹک کی منتخب کریں، یا ایسے علیحدہ کھڑے ہونے والے یونٹس رکھیں جو آسانی سے منتقل کیے جا سکیں
- ہیٹنگ یا وینٹیلیشن سسٹم کے کسی بھی اہم حصے، جیسے بوائلر کو اوپر کی منزل یا گراؤنڈ کی سطح سے بلند جگہ پر رکھیں
- کھڑکیوں اور دروازوں کی لکڑیوں سے بنی چوکھٹوں کو سنتھیٹک چوکھٹ سے بدل ڈالیں جن کو صاف کرنا آسان ہوتا ہے



## اپنی پراپرٹی کے ارد گرد پانی کا بہاؤ کم کرنا

**یہاں کچھ باتیں بتائی گئی ہیں جن کو اپنا کر آپ اپنی پراپرٹی کے ارد گرد پانی کا بہاؤ کم کر سکتے ہیں۔**

پراپرٹی کے بیرونی حصے میں کنکریٹ ڈالنے کی بجائے قابلِ نفوذ مواد استعمال کریں جیسا کہ بجری بچھا دیں تاکہ پانی زمین میں جذب ہو سکے۔ آپ ان جگھوں پر جہاں پانی جمع ہونے کا امکان زیادہ ہو، ڈرینیج سسٹم بنانے کو زیر غور لا سکتے ہیں تاکہ پانی کھڑا نہ رہے۔

ایک اور تجویز یہ ہے کہ درخت اور جھاڑیاں لگائی جائیں، جو بارش کے پانی کے بہاؤ کو سست کر کے زمین تک پہنچنے والے پانی کی مقدار میں کمی لا سکتی ہیں۔ اس سے پانی کے زمین میں جذب ہونے کے عمل کو فروغ ملتا ہے اور ڈھلوانی زمین کو مستحکم کرنے میں بھی مدد ملتی ہے۔

آپ **sudswales.com** پر ڈرینیج کے پائیدار حلوں کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں



ہمیشہ BSI کائٹ مارک کی سیلاب سے بچاؤ کی مصدقہ پراڈکٹس منتخب کریں جو معیار و تحفظ کے برطانوی معیارات پر پوری اترتی ہوں، یہ **kitemark.com** پر آن لائن دستیاب ہیں

نیشنل فلڈ فورم (National Flood Forum, NFF) کی سیلاب سے بچاؤ کی پراڈکٹس اور خدمات کی خودمختار ڈائیکٹری بھی ہے جو 'بلیو پیجز' کہلاتی ہے۔ جسے آپ **bluepages.org.uk** پر آن لائن یا **01299 403 055** پر کال کر کے ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

# سیلاب کے دوران اور اس کے بعد کیا کرنا چاہیئے



# سیلاب کے دوران

## سیلابی پانی خطرناک ہے

**سیلابی پانی میں کبھی بھی چلنے یا ڈرائیونگ کرنے کی کوشش نہ کریں۔ یہ آپ کو اچانک گرا سکتا ہے، گاڑی اور دیگر چیزوں کو بہا کر لے جا سکتا ہے۔**

**سیلابی پانی اکثر آلودہ ہوتا ہے اور اس میں کئی طرح کے خطرات جیسا کہ کھلے مین ہول چھپے ہو سکتے ہیں۔**

- سیلابی پانی کی سطح اچانک بلند ہو سکتی ہے، پُرسکون رہیں اور اپنے ارد گرد موجود افراد کو بھی تسلی دیں۔
**جان کو خطرہ ہونے کی صورت میں 999 پر کال کریں**
- اپنے گھر کے دیگر افراد سے رابطہ کریں، اگر وہ گھر پر نہیں ہیں تو یقینی بنائیں کہ وہ کسی محفوظ جگہ پر ہوں
- فوری کارروائی کے لیے تیار رہیں تاکہ آپ خود کو محفوظ رکھ سکیں

## ہدایت ملنے پر انخلاء کریں

محفوظ رہیں، ہنگامی خدمات کی جانب سے ہدایت کی تعمیل کریں اور جب انخلاء کا کہا جائے تو دیر نہ کریں۔

جب شدید سیلاب زندگی کے لیے خطرہ بن رہا ہو، تو ہم خود، پولیس، مقامی اتھارٹیز اور فائر اینڈ ریسکیو سروس سیمت تمام ادارے سیلاب کے دوران مل جل کر کام کرتے ہیں۔ یہ ادارے خطرے کی اطلاع دیتے ہیں اور متاثرہ افراد کی مدد کے لیے ہنگامی اقدامات کرتے ہیں۔

**مثال کے طور پر، ضرورت پڑنے پر آپ کی مقامی اتھارٹی انخلاء کا مرکز قائم کرے گی۔**

- اگر ہنگامی خدمات کی جانب سے ہدایت دی جائے تو اپنے گھر سے چلے جائیں۔ ان کی ہدایت پر اپنے گھر کو چھوڑنے سے انکار آپ کو، آپ کے گھرانے کو اور آپ کی مدد کرنے والے افراد کو خطرے میں ڈال دے گا
- جب آپ نکلیں گے تو آپ کو اس آرام گاہ میں لے جایا جائے گا جو آپ کی مقامی اتھارٹی کے زیر انتظام ہے۔ آرام گاہ میں عارضی پناہ اور فلاحی سہولیات مہیا کی جائیں گی۔ اضافی کپڑے، ضروری ادویات اور اگر آپ کے ساتھ شیر خوار بچہ ہے تو اس کی دیکھ بھال کا سامان ساتھ لے آئیں۔
- زیادہ تر انخلاء کے مراکز میں پالتو جانوروں کو ساتھ لانے کی اجازت ہے۔ ان کا کھانا ساتھ لائیں۔ بلیوں اور چھوٹے جانوروں کو کیریئر یا محفوظ باکس میں ہی رکھیں

## اگر سیلاب آنے کا خدشہ ہو تو آپ کو کیا کرنا چاہیئے

- پانی کی بوتلیں اور دیگر خوراک کی چیزیں اوپر کی منزل یا اپنے گھر کے اندر کسی محفوظ مقام میں منتقل کریں۔ اگر آپ کو پانی کی سپلائی بند کرنے کی ضرورت ہو، تو آپ جگ اور ساس پینز میں پانی بھر کر رکھ سکتے ہیں
- گیس، بجلی اور پانی کی سپلائی بند کر دیں۔ سیلابی پانی میں کھڑے ہو کر پلگ اور بجلی کی دیگر چیزوں کو نہ چھوئیں
- اپنی فلڈ کٹ ساتھ رکھیں
- اپنی پراپرٹی میں موجود افراد اور پالتو جانوروں کو محفوظ مقام میں منتقلی کے لیے تیار کریں
- اہم، جذباتی اہمیت رکھنے والی اور قیمتی اشیاء منتقل کریں۔ ان اشیاء کو ترجیح دیں جن کا نعم البدل نہ ہو

**اپنی پراپرٹی میں پانی داخل ہونے کے عمل کو روکنے میں مدد کی خاطر، آپ...**

- فلڈ گیٹس اور دیگر حفاظتی آلات نصب کریں
- پمپ اور دیگر مستقلاً فکس کردہ حفاظتی آلات کی جانچ کریں
- دروازوں اور کھڑکیوں کے آگے ریت یا بھاری چیزوں سے بھرے ہوئے تکیے کے کورز یا پلاسٹک کے بیگ رکھ کر پانی داخل ہونے کو روکیں
- ایئر برکس اور وینٹس کو پلاسٹک کور، کپڑوں یا تولیوں سے ڈھانپ دیں
- اگر نان ریٹرن والوز نہ لگوائے ہوئے ہوں، تو سنک، باتھ روم اور ٹوائلٹ کو بند کریں اور بھاری اشیاء رکھ کر نکاسی کا پائپ دبا دیں
- واشنگ مشین اور ڈش واشرز کو ان پلگ کریں اور پانی کی سپلائی کو غیر منسلک کر دیں
- پانی کے انلیٹ پائپ کو تولیوں یا کپڑوں سے بند کر دیں

**پانی کے داخل ہو جانے کے بعد نقصان کو کم سے کم کرنا**

- اہم، جذباتی اہمیت رکھنے والی اور قیمتی اشیاء کو اونچی جگہ پر رکھیں (بالائی منزل، فرنیچر کے اوپر یا شیلف پر) یا پھر کسی واٹر پروف کنٹینر میں رکھ دیں
- رگز اور فرنیچر کا ہلکا سامان منتقل کر دیں
- پردوں کو سیلابی پانی سے بچانے کے لیے موڑ کر ریل پر ڈال دیں
- جن آئٹمز کو منتقل نہیں کر سکتے ان کو اونچا کرنے کے لیے اینٹوں یا پیلٹ کا استعمال کریں اور ان کا نچلا حصہ پلاسٹک سے ڈھانپ دیں
- اگر ممکن ہو تو کچن بیس یونٹس اور دیگر کم اونچائی والی اسٹوریج کی حامل الماریوں سے سامان کاؤنٹر پر یا اونچی سطح پر منتقل کر کے ان کو خالی کریں
- اپنے فریج یا فریزر سے سامان اونچی جگہ پر منتقل کرنے پر غور کریں
- اگر سیلابی پانی آپ تک نہیں پہنچا تو **اپنی گاڑی کو کسی اونچی جگہ پارک کریں** اور باہر موجود پالتو جانوروں کو محفوظ مقام میں منتقل کریں۔ باہر یا اپنے باغ میں پڑی بڑی یا ہلکی اشیاء کو منتقل کریں یا انہیں اچھی طرح وزنی چیز سے دبا دیں

## اگرچہ پراپرٹی متاثر نہ ہوئی ہو، تاہم سیلاب کے اثرات پھر بھی ہو سکتے ہیں

**سیلابی علاقوں سے دور رہیں**

- سیلابی پانی سے پلوں اور ساحلی پٹیوں جیسے ڈھانچوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے، اور ملبے کی بڑی مقدار رہ جاتی ہے
- بڑی لہریں یا ان میں اڑتا ہوا ملبہ ہو سکتا ہے، اس لیے سیرگاہوں، ساحلی راستوں اور سمندر کے کناروں سے دور رہیں
- سڑکوں کی بندش کے نشانات کو ملحوظ خاطر رکھیں۔ اگر سڑک زیر آب آگئی ہو تو واپس مڑ جائیں اور دوسرا راستہ چنیں۔ **سیلابی پانی میں ڈرائیونگ نہ کریں**

## پیشگی منصوبہ بندی کریں

**درج ذیل سے رابطہ کر کے رکاوٹوں سے متعلق جانیں:**

- مقامی اتھارٹی برائے سڑک
- Traffic Wales برائے موٹرویز اور ٹرنک روڈز **0300 123 1213** پر کال کریں، ویب سائٹ **traffic.wales**
- Traveline Cymru برائے ٹرین اور بسز **0800 464 0000** پر کال کریں، ویب سائٹ **traveline.cymru**



# سیلاب کے بعد

## سیلابی صورتِ حال کا سامنا خوفناک ہو سکتا ہے

سیلاب کا سامنا کرنا ایک دکھ بھرا اور ذہنی تناؤ سے بھرپور لمحہ ہو سکتا ہے، چاہے یہ آپ کا پہلا تجربہ ہو یا نہ ہو۔ آپ فوری طور پر مختلف جذبات محسوس کر سکتے ہیں، اور بعض اوقات یہ جذبات طویل عرصے تک برقرار رہ سکتے ہیں۔

**Public Health Wales درج ذیل مشورے دیتا ہے:**

- سیلاب کا سامنا کرنے اور سیلاب کے بعد صفائی کرنے کے دباؤ اور تھکن کو کم نہ سمجھیں۔ اپنی اور اپنے خاندان کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کا خیال رکھنے کے لیے وقت نکالیں
- صفائی کے دوران زیادہ محنت نہ کریں، اور یاد رکھیں کہ ان حالات میں تھکن، نیند کا نہ آنا اور بے چینی معمول کی بات ہے
- کوئی بھی فرد جسے اپنی صحت یا اپنے عزیز و اقارب کی صحت کے حوالے سے تشویش ہو اسے چاہیئے کہ اپنے GP سے رابطہ کریں

**Public Health Wales**
جسمانی اور ذہنی طور پر صحت مند رہنے سے متعلق مشورہ
فون: **111**
ویب سائٹ: **phw.nhs.wales**

**Samaritans**
خدمت برائے سماعت
فون: **116 123**
ویب سائٹ: **samaritans.org**

**Mind**
ذہنی صحت کی معلوماتی سروس
فون: **0300 123 3393**
ویب سائٹ: **mind.org.uk**

**CALL**
سماعتی و معاونتی سروس
فون: **0800 132 737**
ٹیکسٹ: **81066**
HELP پر لکھ کر بھیجیں
**callhelpline.org.uk**

**Meic Cymru**
بچوں اور نوجوانوں کے لیے ہیلپ لائن
فون: **07943 114 449**
ٹیکسٹ: **84001**
**meiccymru.org**

# اگر آپ کی پراپرٹی سیلاب میں ڈوبی ہے

تو ہنگامی خدمات سے معلوم کریں کہ آیا اپنی پراپرٹی میں دوبارہ داخل ہونا محفوظ ہے، کیونکہ سیلابی پانی ساختوں اور عمارتوں کو ضرر پہنچا سکتا ہے اور آپ کی پراپرٹی محفوظ نہیں ہو سکتی۔ ہو سکتا ہے کہ بجلی، گیس یا پانی کی سپلائی کو نقصان پہنچا ہو۔ پیشہ ورانہ مشورہ طلب کرنے سے قبل ان کو چالو نہ کریں۔

**بحالی کا عمل شروع کرنے کی خاطر، درج ذیل اقدامات اپنائیں:**

- اپنے بیمہ کار سے اپنی عمارت اور/یا سامان کی پالیسیوں کے بارے میں رابطہ کریں اور ان کی ہدایات پر عمل کریں۔ زیادہ تر بیمہ کاران 24 گھنٹہ ہیلپ لائنز مہیا کرتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ وہ آپ کو عارضی رہائشی انتظامات پیش کریں
- چیزوں کی صفائی کرنے یا ان کو پھینکنے سے پہلے ان کی تصویریں لیں اور ان کا ریکارڈ رکھیں
- اگر آپ کرایہ دار ہیں تو اپنے مالک مکان یا ایجنٹ سے رابطہ کر کے پوچھیں کہ ان کی بلڈنگز کی پالیسی میں کیا کیا زیر احاطہ ہے، جیسا کہ متبادل رہائش
- سیلابی پانی سے ہونے والے نقصان کی اطلاع اپنی مقامی اتھارٹی کو دیں

جعلی یا دھوکہ دہی پر مبنی سوشل میڈیا اشتہارات، انجان کالرز، اور فون کالز سے محتاط رہیں۔ ہمیشہ ان سے شناخت دکھانے کے لیے کہیں اور کسی بھی کمپنی کے حوالے یا تفصیلات چیک کریں۔

جب بڑے یا وسیع پیمانے پر سیلاب آتا ہے، تو وہ تنظیمیں جو مدد فراہم کرتی ہیں، جیسے بیمہ کار، مقامی اتھارٹیز، اور بلڈرز، بہت مصروف ہو سکتی ہیں۔ طلب میں اضافے اور سیلاب زدہ علاقوں تک رسائی میں مشکلات کی وجہ سے ان کے جواب دینے میں تھوڑا زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

## اگر آپ کی گاڑی سیلابی ریلے سے متاثر ہوئی ہے

- تو ڈوبی ہوئی گاڑی کو چلانے کی کوشش نہ کریں
- بلکہ جلد از جلد اپنے بیمہ کار سے رابطہ کریں
- اپنی گاڑی کا ماہر مکینک سے معائنہ کروائیں، اپنی گاڑی کا معائنہ کروائے بغیر اسے چلانے کی کوشش نہ کریں



# آگے کیا ہو گا

**بعد از سیلاب مرمتوں کا کام مکمل ہونے میں ہفتے یا مہینے لگ سکتے ہیں، اس کا انحصار سیلاب کی شدت پر ہے، کیونکہ پراپرٹی میں مرمت کا کام شروع کرنے سے پہلے اس کا سوکھنا بھی اتنا ہی ضروری ہے، اور اس میں وقت لگتا ہے۔ کچھ عمارتوں میں مرمت کا کام کرنے سے پہلے ان کو خالی کرنا پڑ سکتا ہے۔**

**یہ بہت پریشان کن عمل ہو سکتا ہے تاہم بہت سی تنظیمیں ایسی موجود ہیں جو آپ کو مدد دے سکتی ہیں:**

**Shelter Cymru**
ایک خیراتی ادارہ جو خودمختارانہ رہائش کی بابت مشورہ دیتا ہے
فون: **08000 495 495**
ویب سائٹ **sheltercymru.org.uk**

**British Red Cross**
ایک خیراتی ادارہ جو بحرانی صورت کے بعد معاونت فراہم کرتا ہے
فون: **0808 196 3651**
ویب سائٹ **redcross.org.uk**

**Citizens Advice Bureau**
مشاورت بابت مالیات و رہائش
کال کریں: **0800 702 2020**
ویب سائٹ **citizensadvice.org.uk**

**Mary Dhonau Associates (MDA)**
ایک ماہر خودمختارانہ فلڈ ریزیلینس کنسلٹنسی جو سیلاب سے متعلق مشورہ اور رہنمائی فراہم کرتی ہے، اس میں سیلاب سے بچاؤ کے لیے پیشگی تیاری اور بعد میں بحالی کے طریقہ کار کے بارے میں بھی مشاورت شامل ہے
**ویب سائٹ floodmary.com**

**برٹش ڈیمیج مینجمنٹ ایسوسی ایشن (British Damage Management Association, BDMA)**
نقصان کے انتظام کے ماہرین کے لیے تصدیق کار ادارہ، جو سیلاب کے بعد مشورہ اور رہنمائی بھی فراہم کرتا ہے
**bdma.org.uk**

**The Financial Ombudsman Service**
فائنانشل امبڈزمین سروس نامی ادارہ صارفین اور مالیاتی خدمات فراہم کرنے والے کاروباری اداروں کے مابین انفرادی تنازعات کو حل کرتا ہے
کال کریں **0800 023 4567**
**financial-ombudsman.org.uk**

اگر آپ کچھ وقت کے لیے عارضی پراپرٹی میں مقیم رہیں گے، تو اپنا ڈاک کا پتہ تبدیل کرنے کو زیر غور لائیں۔

**royalmail.com/redirection**
اس خدمت کے عوض معاوضہ لیا جا سکتا ہے

# انشورنس کا دعویٰ دائر کرنا

**جب آپ اپنا دعویٰ دائر کریں گے، تو آپ کی انشورنس کمپنی آپ کا رابطہ ایک لاس ایڈجسٹر سے کروائے گی، اور وہ چند دنوں کے اندر آپ سے رابطہ کرے گا۔ وہ نقصان کا مزید تفصیل سے جائزہ لیں گے اور کسی بھی کام کی نگرانی کریں گے۔ عموماً علاقے کے قابل رسائی ہونے کے بعد سات دنوں کے اندر وہ آپ کی پراپرٹی کا دورہ کر سکتے ہیں۔**

اگر آپ کرایے پر رہتے ہیں، تو جلد از جلد اپنے مالک مکان اور گھریلو سامان کی انشورنس کمپنی سے رابطہ کریں۔ اس وقت تک کسی چیز کو مت پھینکیں جب تک آپ کا لاس ایڈجسٹر یا بیمہ کار اجازت نہ دے۔ تاہم، انشورنس کمپنیاں بحالی کے عمل میں تاخیر نہیں کرنا چاہتیں، اس لیے وہ ایسی اشیاء کو ہٹانے میں دیر نہیں کرتیں جو صحت کے لیے خطرہ بن سکتی ہوں (مثلاً سڑا ہوا کھانا)۔

## انشورنس کمپنی سے پوچھیں

- کیا آپ مجھے عارضی رہائش مہیا کریں گے؟ (یہ قریبی بیڈ اینڈ بریک فاسٹ، اسٹیٹک کاروان یا کرایے کا مکان ہو سکتا ہے۔ آپ کو پیش کی گئی پہلی جگہ قبول کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، اگر سیلاب نے بہت سے لوگوں کو متاثر کیا ہے تو رہائش کے اختیارات محدود ہو سکتے ہیں)
- کیا آپ ایک لاس ایڈجسٹر مقرر کریں گے اور وہ مجھ سے کب رابطہ کریں گے؟
- کیا آپ میری پراپرٹی صاف کروانے کا کوئی بندوبست کریں گے؟
- کیا آپ ایک ماہر ڈرائنگ کمپنی کا انتظام کریں گے جو میرے گھر کو جراثیم سے پاک اور خشک کرے؟
- کیا آپ مرمت اور تعمیرِ نو کے کام کے لیے ایک بلڈر کا انتظام کریں گے؟ (اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بیمہ کار یہ انتظام کرے تو آپ نقد ادائیگی کی صورت میں تصفیہ قبول کر سکتے ہیں۔ مرمت کے کام کے معیار کی ذمہ داری آپ پر ہو گی، اس لیے اگر کام میں کوئی خرابی ہو یا اسے دوبارہ کرنے کی ضرورت پڑے تو بیمہ کمپنی اس کی ذمہ دار نہیں ہو گی۔)
- کیا آپ آئٹمز کی مرمت کریں گے یا ان کا متبادل دیں گے؟
- کیا آپ مجھے درکار خدمت یا آلات کے لیے ادائیگی کریں گے؟
- کیا آپ مرمتوں میں سیلاب سے بچاؤ کے اقدامات اور دیگر اصلاحات شامل کریں گے؟ یہ مستقبل میں سیلاب کے خطرے کو کم کر سکتا ہے۔ **floodre.co.uk** پر دیکھیں کہ آیا یہ **فلڈ ری بلڈ بیک بیٹر اسکیم** (Flood Re Build Back Better scheme) کے تحت آتے ہیں



# سیلاب سے ہونے والے نقصان کو ریکارڈ کریں

- پانی آنے کی سب سے اونچی سطح کو واضح طور پر دیوار پر نشان زد کریں اور تصویر لیں۔ یہ سیلاب سے متاثر ہونے والے ہر کمرے میں کریں
- اپنی پراپرٹی اور سامان کو سیلاب سے پہنچنے والے نقصان کی تصویر لیں اور فہرست بنائیں (اگر پالیسی کے زیر احاطہ ہیں تو) اس میں خراب ہونے والی اشیاء بھی شامل ہیں
- جن چیزوں کو آپ تلف کرتے ہیں، ان سب کی تصاویر لیں اور تفصیلات لکھ لیں، جیسے کہ پراڈکٹ کا برانڈ اور سیریل نمبر وغیرہ۔ اگر آپ سیلاب میں خراب ہو جانے والے قالین سے چھٹکارا پانا چاہتے ہیں تو اس کا ٹکڑا کاٹیں اور بطور نمونہ رکھیں۔ یہ آپ کے دعویٰ کے تصفیے کے عمل کو تیزتر کرے گا
- رسیدیں سنبھال کر رکھیں اور ٹیلیفون کالز، خطوط اور ای میلز سمیت تمام مراسلت کا نوٹ یا کاپی بنائیں۔ تاریخ، نام اور جو کچھ طے پایا اس کا ریکارڈ رکھیں

آپ کی انشورنس کمپنی آپ کے گھر کی صفائی، اسے خشک کرنے اور اس کی مرمت کا انتظام کر سکتی ہے، اس لیے ان سے رابطہ کریں۔

**ایسوسی ایشن آف برٹش انشوررز** سیلاب سے متاثرہ گھروں اور کاروباروں کے لیے مشورے فراہم کرتی ہے، اور **abi.org.uk** پر یہ بتاتی ہے کہ آپ اپنی انشورنس کمپنی سے کیا توقع رکھ سکتے ہیں

**نیشنل فلڈ فورم** کے پاس بھی **nationalfloodforum.org.uk** پر بعد از سیلاب بحالی اور انشورنس کے دعویٰ کے عمل کے بارے میں معلومات موجود ہیں یا **01299 403055** پر کال کریں



# انشورنس نہ ہونے کی صورت میں صفائی کا عمل

اگر آپ کی کوئی انشورنس نہیں ہے اور آپ کی پراپرٹی سیلابی پانی میں ڈوبی ہے، تو آپ اپنی مقامی فائر سروس سے درخواست کر سکتے ہیں کہ وہ پمپ کے ذریعے آپ کے گھر سے پانی نکالیں یا وہ آپ کو خود سے یہ کام کرنے کے سلسلے میں مشورہ دے سکتے ہیں۔ وہ اس خدمت کی فراہمی کا معاوضہ لے سکتے ہیں۔

جب پانی نکال دیا جائے تو آپ کو اپنی پراپرٹی میں کیچڑ، گاد یا دیگر ملبہ نظر آ سکتا ہے۔ آپ کو اسے محفوظ طریقے سے ہٹانے کے لیے کسی چارٹرڈ سرویئر یا بلڈر سے پیشہ ورانہ مشورہ لینا چاہیئے۔

جب سیلاب کا پانی کم ہو جائے تو اپنی پراپرٹی کو خشک ہونے دینے کی خاطر سیلاب سے بچاؤ کے تمام آلات ہٹانا ضروری ہے۔ آپ کی پراپرٹی میں مرمت کا کام شروع کرنے سے قبل اس کا مکمل خشک ہونا ضروری ہے۔ آپ کو گیلے آئٹمز جیسے قالین، انڈرلے اور پلاسٹر بورڈ ہٹانے پڑ سکتے ہیں۔

آپ اپنی مقامی اتھارٹی سے یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ کیا وہ اسکِپس اور اضافی کوڑا اٹھانے کی سہولت فراہم کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نے ریت کی بوریاں استعمال کی ہیں، تو اب ان کو آلودہ سمجھنا چاہیئے اور مناسب طریقے سے تلف کریں۔ انہیں ٹھکانے لگانے کے بارے میں مشورہ حاصل کرنے کے لیے اپنی مقامی اتھارٹی سے رابطہ کریں۔

**اگر آپ ان میں سے کوئی کام خود کر رہے ہیں تو...**

- واٹر پروف کپڑے، دستانے، ربڑ کے لمبے بوٹ اور فیس ماسک پہنیں
- سطحوں کو دھوتے وقت ہائی پریشر ہوز استعمال نہ کریں کیونکہ یہ آلودہ مواد کو ہوا میں پھیلا دیتے ہیں
- اپنی پراپرٹی کو خشک کرنے کے لیے دروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھیں، یا دروازے اور کھڑکیاں بند رکھتے ہوئے ڈی ہیومڈیفائر استعمال کریں
- اپنی پراپرٹی کو صاف اور جراثیم کش بنانے کے لیے عام گھریلو مصنوعات استعمال کریں،

بہتر یہ ہے کہ جب آپ اپنی پراپرٹی کی مرمت کی منصوبہ بندی کر رہے ہوں تو اس کو مستقبل میں سیلاب سے محفوظ بنانے کے طریقوں پر بھی غور کریں۔ ایسے اقدامات ہیں جو آپ اپنی پراپرٹی کی مرمت کے دوران کر سکتے ہیں، جو مستقبل میں سیلاب کے بعد صفائی کو آسان اور سستا بنا دیں گے۔ انہیں **صفحہ 18** پر پڑھیں۔





## جعلسازی سے ہوشیار رہیں

ایسے دھوکے باز تاجروں سے محتاط رہیں جو سیلاب زدہ کمیونٹیز کو نشانہ بنا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو مخصوص مشورے کی ضرورت ہو تو آپ کی مقامی اتھارٹی کے ٹریڈنگ اسٹینڈرڈز ڈپارٹمنٹ اور مقامی پولیس فورس آپ کی مدد کر سکیں گے۔

**جعلسازی کا شکار ہونے سے بچیں:**

- پہلے اپنی انشورنس کمپنی سے بات کریں
- ہمیشہ شناخت چیک کریں
- رجسٹرڈ کاریگروں کو تلاش کریں
- کسی کام کے لیے متعدد اندازے لگائیں
- ٹریڈ باڈی کی منظوری یا سرٹیفیکیشن چیک کریں
- اسی دن فیصلے کرنے کے دباؤ میں نہ آئیں،

نیز آپ رابطہ کر سکتے ہیں:
**Citizens Advice** سے
**citizensadvice.org.uk**
پر یا **0800 702 2020** پر کال کریں۔
اگر آپ کو لگے کہ آپ کے ساتھ دھوکہ ہوا ہے، تو آپ اس کی اطلاع **ایکشن فراڈ** کو
**actionfraud.police.uk**
پر یا اس نمبر **0300 123 2040** پر کال کر کے دے سکتے ہیں۔

# مالی اعانت

**آپ درج ذیل سے مدد یا گرانٹ موصول کر سکتے ہیں:**

**ویلش حکومت کی**
ایمرجنسی اسسٹنس
پیمنٹ گرانٹ
کال کریں **0800 859 5924**
**gov.wales**

بزنس فلڈ ریلیف فنڈ اور آپ کے کاروبار کے لیے معاونت و مشورہ
کال کریں **03000 6 03000**
**businesswales.gov.wales**

**آپ کی مقامی اتھارٹی**

- ہنگامی رہائش
- مالی مشکلات کے لیے گرانٹس یا خیرات کے بارے میں معلومات
- کمیونٹی کی فلڈ ریکوری گرانٹس
- کونسل کے ٹیکس استثنات، رعایت یا بزنس ریٹس ریلیف
- فضلہ اٹھانا اور ریت کی آلودہ بوریوں کو تلف کرنا

**Turn2us**
ایک قومی خیراتی ادارہ جو ان افراد کی حقیقی مدد کرتا ہے جو مالی مشکلات سے دوچار ہیں۔
**turn2us.org.uk**

**رائل ایگریکلچرل بینیوولنٹ انسٹیٹیوشن (RABI)**
کاشتکار کمیونٹی کے لیے خیراتی ادارہ ہے۔
**0808 281 9490** پر کال کریں
**rabi.org.uk**

**ایڈنگٹن فنڈ**
کاشتکار کمیونٹی کے لیے ایک خیراتی ادارہ ہے۔
**01926 620135** پر کال کریں
**addingtonfund.org.uk**



# ہماری مدد کرنا گویا اپنی مدد کرنا ہے

سیلاب آنے کے متعدد ممکنہ ذرائع ہیں جیسا کہ دریا، سمندر، سیوریج نیٹ ورکس یا اس وقت جب زمین مزید پانی جذب کرنے کے قابل نہ رہے۔ ہم مقامی اتھارٹیز اور ہنگامی خدمات میں اپنے شرکاء کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں تاکہ سیلاب کے واقعات کی مکمل تحقیق کر سکیں، تاہم اس میں وقت لگ سکتا ہے۔

آپ ہمیں کوئی بھی تصاویر یا ویڈیوز بھیج کر ہماری مدد کر سکتے ہیں، تاکہ ہم اس واقعے کو بہتر طور پر سمجھ سکیں اور آپ کے مقامی سیلابی خطرے کی موجودہ اور آئندہ کے لیے ماڈلنگ کو مزید بہتر بنا سکیں۔ محفوظ رہیں، ویڈیوز یا تصاویر بناتے وقت خود کو خطرے میں نہ ڈالیں۔

**براہ کرم زیادہ سے زیادہ تفصیلات شامل کریں۔ جیسے:**

- لی گئی تصویر/ویڈیو کی تاریخ اور وقت
- مخصوص مقام، نیشنل گرڈ ریفرنس یا What three words استعمال کریں
- کس سمت سے تصویر لی گئی ہے مثال کے طور پر، 'اسٹیشن روڈ کی تصویر جو ٹرین اسٹیشن کی طرف ہے'، 'گھر نمبر 10 سے لی گئی تصویر جو گھر نمبر 2 کی ہے'، اگر دریا کی وضاحت کرنی ہو تو، 'دریا کا بایاں کنارہ، بہاؤ کی سمت میں'
- وہ گہرائی جہاں تک سیلابی پانی پہنچا۔
- کسی چیز سے موازنہ کرنا مفید ہوتا ہے، چاہے وہ انچی ٹیپ ہو، دیوار پر کوئی نشان ہو، یا بیرونی دیوار پر پانی کتنی اینٹوں تک پہنچا، یا کسی چیز کے مقابلے میں بتائیں
- کوئی اور تفصیل جو آپ مہیا کر سکتے ہیں
- پانی کہاں تک آیا تھا یا پانی دریا کے کنارے سے کس حد تک باہر پہنچا ہے



براہ کرم ہمیں
**befloodready@naturalresources.wales**
پر ای میل کریں یا ہمیں **0300 065 3000** پر
(پیر تا جمعہ صبح 9 بجے تا شام 5 بجے) کال کریں

# رابطہ کریں



**عمومی استفسارات**

ای میل **enquires@naturalresources.wales**
کال کریں **0300 065 3000**

Natural Resources Wales
Welsh Government Offices
Cathays Park
King Edward VII Avenue
Cardiff
CF10 3NQ

**سیلاب یا سیلاب کے خدشے کی اطلاع دینے کے لیے**
اس پر آن لائن رپورٹ دیں
**naturalresources.wales/reportit**
(24 گھنٹے سروس)
کال کریں **0300 065 3000**

سیلابی خطرے کے بارے میں مشورہ حاصل کرنے کے لیے، سیلاب کے انتباہات کی سروس کے لیے سائن اپ کریں اور جاری وارننگز چیک کریں:

**Floodline 0345 988 1188** کو کال کریں
(24 گھنٹے سروس)

اور ہماری ویب سائٹ بھی چیک کریں:
**naturalresources.wales/flooding**